# اسرائیل، امریکا کو ڈبو دے گا

## ایران کے ساتھ تنازعہ پورے مشرق وسطیٰ کو آگ لگادے گا جو جلد یا بدیر تیسری عالمی جنگ کا باعث بنے گا

تحریر....
حسیب اصغر

**ایران میں ایک بڑے حملے کیلیے اسرائیل کی سیکیورٹی تیاریاں اور ایرانی جوابی ردعمل ان دنوں نئی بلندیوں کو چھو رہا ہے۔ خاص طور پر گولانی فوجی اڈے پر ہونے والے ہلاکت خیز ڈرون حملے کے بعد، جس میں متعدد اسرائیلی فوجی جہنم واصل ہوئے۔**




اسرائیل کو امریکا کی جانب سے ہر طرح کی امداد اور حمایت غیر معمولی انداز میں مل رہی ہے، بشمول بیلسٹک میزائلوں کے خلاف فضائی دفاعی نظام کا جدید ترین اپ گریڈ ڈسسٹم **THAAD**، جس نے اسرائیل پر ایک ہمہ گیر جنگ کو روکنے کیلیے اپنی کوششوں کو وسعت دیہے۔ اس کے ساتھ ہی امریکا نے اپنی فوجی موجودگی اور پورے مشرق وسطیٰ میں اپنی افواج کی تعیناتی میں زبردست اضافہ کیا۔

افواج کی اس بڑے پیانے پر کمک میں، دوسری چیزوں کے علاوہ، حرکت پذیر جوہری آبدوزیں اور جنگی جہاز، طیارہ بردار بحری جہاز، (**F22** قسم کے) جدید لڑاکا طیارے، نیز بحر ہند، بحیرہ احمر، خلیج عمان اور خلیج فارس میں اسٹریٹجک بمبار طیارے شامل ہیں۔ امریکا نے غیر قانونی صہیونی ریاست کی مدد کیلیے پہنچادیے ہیں۔

امریکا کی جانب سے اس بڑے پیمانے پر فوجی امداد کے بعد خطے میں افراتفری اور غیر یقینی صورتحال پیدا ہے، جو ایران اور اس کے شہریوں کو متاثر کررہی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ تہران میں حکومت کے سربراہان کے اثاثوں اور تزویراتی مفادات، بشمول ایرانی جوہری یا تیل کی تنصیبات پر حملوں کے بارے میں شدید دباؤ اور خدشات میں بھی اضافہ کررہی ہے۔ امریکا خفیہ ایجنسیوں کی رپورٹ کا مطالعہ کریں تو معلوم ہوتا ہے کہ روس، چین اور شمالی کوریا شراکت داروں سے ایران کی مدد کیلیے تیاریاں کررہے ہیں۔

چین نے حال ہی میں اسے ڈرونز، یواے وی اور کروز میزائلوں سے تحفظ کے لیے ''سائلنٹ ہنٹر'' لیزر سسٹم منتقل کیا ہے۔ روس نے ایران کو الیکٹرانک وارفیئر سسٹم، جدید دفاعی نظام اینٹی ایئرکرافٹ (**S400**) فراہم کیا ہے اور لڑاکا طیارے (**Su-35 Sukhoi**) فراہم کرنے کی بھی خبریں سامنے آئی ہیں۔

مشرق وسطیٰ میں بڑھتے ہوئے تنازعے میں ماسکو، بیجنگ اور پیانگ یانگ کی موجودگی مشرقی وسطیٰ میں اسرائیل کی بدمعاشی کے باعث ہونے والے نقصان کو ایک عالمی جنگ کی جانب تیزی سے لیے جارہی ہے اور امریکا کو مشکل میں ڈالنے کیلیے روس، چین اور شمالی کوریا ایک صفحے پر آتے نظر آرہے ہیں۔ تینوں کی جانب سے اقدامات کا جائزہ لیں تو معاملے کی سنگینی کا اندازہ بخوبی ہوسکتا ہے۔ ان سرگرمیوں میں بحیرہ عرب اور خلیج عمان میں گزشتہ مارچ کے دوران منعقد ہونے والی بڑے پیانے پر بحری مشقیں بھی شامل ہیں، جس میں درجنوں چینی تباہ کن جہازوں اور جنگی جہازوں، روسی اٹیک کروزر اور ایرانی فریگیٹس نے مشترکہ حصہ لیا تھا۔ یہ اس صورتحال کی سنگینی کا ایک رخ ہے جو معنویت اور پیچیدہ سیکیورٹی اور جغرافیائی سیاسی مضمرات سے بھرپور ہے۔

امریکا اسرائیل کی دہشتگردی کو اس کا حق دفاع قرار دیتا ہے جو کہ اس کی مجبوری ہے لیکن دوسری جانب چین خاص طور پر شمالی کوریا اور روس کیلیے اپنی بین الاقوامی تنہائی کو ختم کرنے کا، اقتصادی پابندیوں اور ہر ایک پر عائد بین الاقوامی پابندیوں کو نظر انداز کرنے کا بہترین موقع ہے کہ وہ امریکا کے ساتھ آمنے سامنے ہوں۔

اسرائیل اور ایران کے درمیان تنازعے میں اگر تیزی آتی ہے تو یہ ان تینوں ممالک کیلیے ایک بہترین موقع ہے کہ یہ تہران کے ساتھ امداد اور فوجی آپریشنل تعاون کا دائرہ بڑھائیں، سیکیورٹی اور تکنیکی تعلقات کو مضبوط بنائیں، سفارتی اور خاص طور پر اقتصادی تعلقات کو مزید مضبوط کرکے ایک ایسا اتحاد بنائیں جو آنے والے وقتوں میں امریکا کی عالمی بدمعاشی کے خاتمے کی ابتدا ہوسکے۔

اس صورتحال میں ڈرامائی تبدیلی کے بعد امریکا، اسرائیل اور اس کے اتحادی عرب اور خلیجی ممالک اور بنیاد پرست ممالک کے درمیان ایک ایسا اتحاد بنانے کی کوشش کررہا ہے جو عربوں کو یہ باور کراسکے کہ ایران ان کی سلامتی کیلیے سب سے بڑا خطرہ ہے۔ اگر ابھی ایران کو نہیں روکا گیا تو یہ سعودی عرب، اردن، قطر، متحدہ عرب امارات، بحرین، اردن اور دیگر خلیجی ممالک جہاں بادشاہت نے اپنا تسلط عشروں سے قائم کیا ہے اس کو زوال آجائے گا۔

درحقیقت فلسطینی مزاحمت کاروں کے ہاتھوں جس طرح سے اسرائیل بے بس ہوا ہے اور طاقت کے بدترین استعمال اور ایک سال سے زائد عرصہ گزرنے کے باوجود اسرائیل نہ تو اپنے یرغمالیوں کو حماس سے آزاد کرانے میں کامیاب ہوسکا ہے اور نہ ہی لبنان اور غزہ سے راکٹوں کی بارش روک سکا ہے اور اس ناکامی اور عالمی ہزیمت کے باعث اب اسرائیل امریکا کی بھی سننے کو تیار نہیں ہے، جس کا نتیجہ یہ نکل رہا ہے کہ امریکا کو بھی نظر آرہا ہے کہ اگر ایران کے ساتھ براہ راست جنگ ہوتی ہے تو امریکا جو کہ یوکرین میں بری طرح ذلیل ہورہا ہے اور اس کی معیشت اس قابل نہیں ہے کہ وہ ایک اور عظیم جنگ میں شامل ہو تو امریکا اس کو سنبھالنے کے قابل نہیں ہوگا لیکن امریکا میں موجود پریشر گروپ امریکی انتظامیہ کو اسرائیل کی ہر ممکن مدد کیلیے بے بس کرچکے ہیں تو اب امریکا کے پاس اسرائیل کی مدد کے سوا دوسرا کوئی اور راستہ نہیں ہے۔

امریکا اسرائیل کی فوجی امداد کو مسلسل جاری رکھے ہوئے ہے اور دوسری جانب بیجنگ نے ایران کو درپردہ حمایت کا یقین دلایا ہوا ہے۔ امریکی ذہین دماغ اس امر سے بخوبی واقف ہیں کہ بڑھتی ہوئی سیاسی - اقتصادی دشمنی اور بیجنگ اور واشنگٹن کے درمیان تکنیکی -تجارتی تنازعہ، اور گہری نفرت جو کہ **evil" of "axis** کیلیے فائدہ مند ہوگی، وہیں یہ امریکی مفادات کو مشرقی وسطیٰ سے اکھاڑ پھینکنے میں بھی اہم کردار ادا کرے گا۔

(**evil"of"axis** کی اصطلاح سب سے پہلے امریکی صدر جارج ڈبلیو بش نے **11** ستمبر کے حملے کے بعد **2002** میں ایران، عراق اور شمالی کوریا کیلیے استعمال کی تھی، جس میں مبینہ طور پر دہشت گردی کی سرپرستی کی اور بڑے پیانے پر تباہی پھیلانے والے ہتھیاروں کو پھیلانے میں مدد کے تناظر میں کی تھی)

جغرافیائی سیاسی اثرات ایک وسیع اسٹریٹجک اور جغرافیائی سیاسی نقطہ نظر سے، یہ پتہ چلتا ہے کہ بڑھتی ہوئی سیاسی - اقتصادی دشمنی اور بیجنگ اور واشنگٹن کے درمیان تکنیکی -تجارتی تنازعہ، اور گہری نفرت ایول ایکسس کو تقویت دے گی۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ ایول ایکسس یہ کوئی مربوط بلاک یا رسمی اتحاد نہیں ہے بلکہ سیاسی، عسکری یا اقتصادی طور پر ان ممالک کے درمیان کافی فرق ہے۔ مثال کے طور پر، چین کی جی ڈی پی، جو **2024** میں **18.53** ٹریلین ڈالر تک پہنچ جائے گی، دیگر تمام ممالک کی مشترکہ جی ڈی پی سے کہیں زیادہ ہے۔ اس کے علاوہ، ممالک کے درمیان بنیادی کشیدگی موجود ہے، جیسے کہ چین سمیت ایشیا پر شمالی کوریا کے جوہری میزائلوں کا خطرہ سرفہرست ہے، اس کے باوجود اگر یہ ممالک امریکا کے خلاف ایک اعلانیہ اتحاد کرلیتے ہیں تو دنیا کی صورتحال یکسر تبدیل ہوجائے گی۔ ایسی صورتحال میں بیجنگ کی حکومت کی قیادت میں اقتصادی تجارتی شراکت داری کو مرکزی محور کے طور پر دیکھا جاتا ہے۔ اگر ایران، چین، اور روس امریکا کے ساتھ اعلانیہ متحدہ ہوجاتے ہیں تو عالمی منظرنامے میں کیا تبدیلیاں آئیں گی، اس کی ایک چھوٹی سی مثال دینا چاہوں گا۔

چین اس وقت ایران سے برآمد کردہ تقریباً **90** فیصد تیل حاصل کررہا ہے، جس کی کھپت **2023** میں یومیہ **1.35** ملین بیرل خام تیل تک پہنچ چکی ہے، روس نے یوکرین میں اپنی جنگی کوششوں کیلیے ایرانی ڈرونز اور میزائلوں کی فراہمی پر خاصا انحصار کیا ہے۔ چین، روس اور ایران بین الاقوامی تنظیموں (جیسے برکس فورم اور ایس سی او تنظیم) میں شراکت دار ہیں، جو انہیں ایک دوسرے کے ساتھ اپنے روابط کو بڑھانے، اور تجارتی اور سرمایہ کاری کے تعلقات کو گہرا کرنے کے مواقع کو فروغ دینے کے مواقع فراہم کرتے ہیں۔ چین کے ''بیلٹ اینڈ روڈ'' منصوبے میں ایران کی شمولیت کی توسیع ہے، جو کہ ان دونوں ممالک کے درمیان **400** بلین ڈالر مالیت کی اسٹریٹجک شراکت داری کے فریم ورک کے اندر ہے، جس پر مارچ **2021** میں دستخط ہوئے تھے۔ یہ اس اتحاد کے باعث تمام اقتصادی ترقی کے منصوبے اور بہت کچھ انہیں ان پر امریکا اور مغربی ممالک کی جانب سے عائد اقتصادی پابندیوں کو نظر انداز کرنے کی اجازت دیتا ہے، جس میں **SWIFT** گلوبل کلیئرنگ سسٹم سے رابطہ منقطع کرنا اور متبادل مالیاتی میکانزم قائم کرنا، بشمول **BRICS** تنظیم کے ساتھ **NDB** بینک، جو پہلے ہی اداروں کے متبادل کے طور پر کام کررہا ہے، میں اپنا کردار ادا کرنا شامل ہے۔

یہاں ایک خطرہ جس کا تفصیل سے ذکر کیا ہے لیکن پینٹا گون اور واشنگٹن میں انتظامیہ کے اعلیٰ حکام نے ان بے پناہ خطرات سے خبردار کیا ہے جن کا امریکا کو سامنا ہے ایک اور بڑا خطرہ یمن کے حوثی ہیں، جو غزہ میں اسرائیل کی دہشتگردی کو روکنے کیلیے بحیرہ احمر میں امریکی اور اسرائیلی جہازوں کو براہ راست نشانہ بنارہے ہیں۔ امریکا کی قیادت میں عالمی بینک اور بین الاقوامی مالیاتی فنڈ کا اور وہ ادارے جو تجارتی اور نقل وحمل کے روابط بھی تیار کرتے ہیں، حوثیوں کے خطرات کو سنگین خطرے سے تشبیہ دیتے ہیں۔ ایک جانب ایران، چین اور روس امریکا کے خلاف اتحاد کرلیتے ہیں اور دوسری جانب حوثی بحیرہ احمر کو ان ممالک کی حمایت سے بند کردیتے ہیں تو کیا آپ کو اندازہ ہے کہ مغربی ممالک میں کیا صورتحال ہوگی؟ بحیرہ احمر سے دنیا کے تیل کی **20** فیصد ترسیل ہوتی ہے۔

جولائی **2023** میں شائع ہونے والے **PEW RESEARCH** کے ایک عوامی رائے عامہ کے سروے سے ظاہر ہوا کہ جہاں **50** فیصد امریکی عوام کی نظر میں چین امریکا کیلیے حقیقی خطرہ ہے، صرف **17** فیصد امریکی روس کو اس کیلیے ایک بڑا خطرہ سمجھتے ہیں۔ ایرانی حکومت واشنگٹن میں امریکی انتظامیہ کو براہ راست چیلنج کررہی ہے اور بائیڈن انتظامیہ کی کمزوری کو مزید مضبوط کررہی ہے۔ یہ امریکا میں دور جدید کے سب سے سنگین اور انتہائی بحرانوں میں سے ایک ہے۔

**امریکا ایک جانب اسرائیل کو اپنی حمایت کا یقین دلارہا ہے اور اس کی سالمیت کیلیے ایک ایسے بہادر کی طرح سامنے کھڑا ہے کہ اس کو کسی کا کوئی خوف نہیں ہے لیکن دوسری جانب اس کی حالت یہ ہے کہ کوشش کررہا ہے کہ کسی طرح اس کو اس معرکے میں حصہ نہ لینا پڑے، کیونکہ ایک جانب امریکا میں موجود مضبوط یہودی لابی ہے کہ جس کے اختیار میں امریکا کی انتظامیہ ہے، تو دوسری جانب اسرائیل کیلیے کسی جنگ کا حصہ بننے کا مطلب امریکا کا اپنا زوال ہے، جس کا امریکا کے ذہین دماغوں کو بخوبی ادراک ہے۔**

ایران کے ساتھ تنازعہ پورے مشرق وسطیٰ کو آگ لگادے گا جو جلد یا بدیر تیسری عالمی جنگ کا باعث بنے گا۔




نزول قرآن کا مبارک مہینہ

| تاریخ/ رمضان | دن | ختم سحری | افطار | تاریخ/ رمضان | دن | ختم ح ی | افطار |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 19 فروری ۱ رمضان | جمعرات | 5:49 | 6:21 | 6 ۱۶ | جمعہ | 5:31 | 6:34 |
| 20 ۲ | جمعہ | 5:48 | 6:22 | 7 ۱۷ | سنیچروار | 5:30 | 6:34 |
| 21 ۳ | سنیچروار | 5:47 | 6:23 | 8 ۱۸ | اتوار | 5:28 | 6:35 |
| 22 ۴ | اتوار | 5:46 | 6:24 | 9 ۱۹ | سوموار | 5:27 | 6:36 |
| 23 ۵ | سوموار | 5:45 | 6:24 | 10 ۲۰ | منگلوار | 5:26 | 6:37 |
| 24 ۶ | منگلوار | 5:44 | 6:25 | 11 ۲۱ | بدھوار | 5:25 | 6:38 |
| 25 ۷ | بدھوار | 5:42 | 6:26 | 12 ۲۲ | جمعرات | 5:24 | 6:38 |
| 26 ۸ | جمعرات | 5:41 | 6:27 | 13 ۲۳ | جمعہ | 5:23 | 6:39 |
| 27 ۹ | جمعہ | 5:40 | 6:28 | 14 ۲۴ | سنیچروار | 5:20 | 6:40 |
| 28 ۱۰ | سنیچروار | 5:39 | 6:29 | 15 ۲۵ | اتوار | 5:19 | 6:41 |
| 1 مارچ ۱۱ | اتوار | 5:38 | 6:30 | 16 ۲۶ | سوموار | 5:18 | 6:42 |
| 2 ۱۲ | سوموار | 5:37 | 6:31 | 17 ۲۷ | منگلوار | 5:17 | 6:42 |
| 3 ۱۳ | منگلوار | 5:36 | 6:32 | 18 ۲۸ | بدھوار | 5:15 | 6:43 |
| 4 ۱۴ | بدھوار | 5:34 | 6:33 | 19 ۲۹ | جمعرات | 5:14 | 6:44 |
| 5 ۱۵ | جمعرات | 5:33 | 6:33 | 20 ۳۰ | جمعہ | 5:12 | 6:45 |

**نقشہ ھذا سے گھٹائیں**

اسلام آباد: 2 منٹ | پلوامہ : 1 منٹ | پہلگام: 3 منٹ | ترال : 2 منٹ
کُد: 2 منٹ | کولگام: 1 منٹ | لیہہ: 11 منٹ | ہرموکھ : 1 منٹ

**نقشہ ھذا سے بڑھائیں**

اوڑی: 3 منٹ | بارہمولہ: 1منٹ | بانڈی پورہ: 2 منٹ | پونچھ: 2 منٹ
ٹنگمرگ: 1 منٹ | ٹیٹوال: 4 منٹ | سوپور: 1 منٹ | کرناہ: 4 منٹ

وطن سرینگر

## گلوبل دنیا ایک مٹھی میں آ گیا

عصر حاضر میں فون اور انٹرنیٹ کی سہولیات میسر ہیں اور لوگ بے تکلف ہر خطے کے لوگوں کے ساتھ دوستی جوڑ سکتے ہیں اس سے عرب وعجم کی مسافت بھی قربت میں تبدیل ہوئی اور گلوبل دنیا ایک مٹھی میں آ گیا ہے۔ ان وسائل کو بروئے کار لاکر لوگ آرام اور راحت محسوس کرتے ہیں اس کے علاوہ ان وسائل سے انسان ہر طرح کے علوم و فنوں کا بخوبی اور بہ آسانی مطالعہ کرسکتا ہے اور ہر طرح کے معاملات کا حل بھی نکال سکتا ہے اس طرح سے یہ آسانی اور سہولیات فراہم کرنے والے سائنس دان واقعی مبارک بادی کے مستحق ہیں اور یہ قوم ان کی اس محنت ومشقت کی مرحون منت ہے لیکن بدقسمتی کی وجہ سے یہ سہولیات جاہل صفت انسانوں کے ہاتھوں میں آ گئے ہیں جنہوں ان کا غلط استعمال کر کے ان وسائل کو معاشرتی تباہی کا موجب بنا دیا۔ یہاں یہ بات قابل ذکر ہے کہ ہر مذہب ومکتب فکر سے تعلق رکھنے والے لوگ پردہ داری کے ساتھ رہتے تھے لیکن نئی نسل نے فون کو استعمال میں لاکر اس پردہ داری کو یکسر ختم کیا۔ جس سے انسانیت شرمسار ہوجاتی ہے۔ اسی طرح سے انٹرنیٹ کی سماجی ویب سائٹس جیسے فیس بک، واٹس اپ، ٹویٹر، سکائے اپ اور میسنجر کا ایسا غیر ضروری ااستعمال کیا جاتا ہے جو ہر صورت میں انسانیت کے منافی عمل ہے سوشل میڈیا کی ان ویب سائٹس کے ذریعے خودساختہ صحافی بھی بن گئے ہیں جب اور جہاں وہ چاہئے اک آن میں کسی بھی ذی عزت شخص کی عزت خاک میں ملا سکتے ہیں اور یہ فتنے آئے روز ہمارے سامنے سے گذرتے ہیں المیہ یہ ہے کہ ان سماجی ویب سائٹس کے ذریعے لڑکیوں کے فوٹو اپ لوڈ کئے جاتے ہیں یا لڑکیاں بذات خود اپنے برہنہ فوٹو اپ لوڈ کر کے سماج میں بے حیائی اور بے راہ روی کو فروغ دے رہی ہیں۔ حالانکہ والدین اپنے بچوں کو یہ سہولیات اس لئے فراہم کرتے ہیں تاکہ ان کے بچے زمانہ حاضر کے چلینجوں کا آسانی سے مقابلہ کرسکیں۔ ٹھیک ہے کہ والدین نے اپنے ان نور چشموں کو یہ سہولیات فراہم کئے لیکن اس کا یہ ہرگز مطلب نہیں ہے کہ وہ اس کا غلط استعمال کریں تو والدین یہ جان کر بھی خاموش تماشائی بیٹھیں گے؟۔ یہ مسلمہ حقیقت ہے کہ عالمی سطح پر ان ذرائع کا غیر ضروری استعمال ہورہا ہے ان سماجی بے راہ رویوں کا اثر براہ راست وادی کشمیر پر بھی پڑا ہوا ہے اس وادی میں بے راہ روی نے ایسا جال بچھایا ہے کہ ہر طرح بے اطمینانی سی کیفیت طاری رہتی ہے اور ہر سو بے حیائی کے منظر دکھائی دے رہے ہیں۔ اب ضرورت اس بات کی ہے کہ یہ جو سیلاب آمڈ آیا ہے اسکو روکنے کیلئے انفرادی اور اجتماعی طور اٹھ کھڑا ہونا ہے بالخصوص والدین کو اس میں اہم رول ادا کرنا ہے اور سماج کے دانشوروں، مذہبی پیشواؤں اور مفکروں کو واعظ وتقریر کے ساتھ ساتھ عملی میدان میں آنا چاہئے اور لائحہ عمل ترتیب دیکر ان بے راہ رویوں کیخلاف مہم کا آغاز کریں۔ سرکاری طور طلبہ پر ویب سائٹس کا غیر ضروری استعمال کرنے کیلئے جاری شدہ احکامات کو بروئے کار لاکر پابندی عائد کرنی چاہئے اور اسکولوں، کالجوں میں موبائیل فون اگر استعمال کئے جائیں تو نئی ٹیکنالوجی کے ذریعے جانچ پڑتال کی جائے تو عین ممکن ہے کہ ہمارا سماج ایک بار پھر صحیح ڈگر پر آ جائے گا۔

# معرفت ایمان کا اعلیٰ ترین درجہ

نظام الحسینی

ایمان کے مختلف مدارج محض علمِ شریعت سے نہیں اخذ ہوتے لہذٰا اسکے عرفان کیلئے طریقت، حقیقت اور معرفت کی منازل طے کرنا ضروری ہیں کیونکہ شریعت علم الیقین، طریقت عین الیقین، حقیقت حق الیقین اور معرفت غیب الیقین ہے۔ ایمان کی پہلی منزل اسلام ہے زبانی کلمہ پڑھ کر اسلام میں داخل ہونا ہے جبکہ ایمان کا دوسرا درجہ مومن اور متقی بننا ہے جس کیلئے زبان کے ساتھ دل کو بھی کلمہ جاگزیں کرنا ہے اور قلبی ولسانی طور پر ایمان کی حاجت ہے۔ ایمان کا افضل ترین، اشرف ترین، اعلیٰ ترین اور عظیم ترین درجہ احسان یعنی عرفانِ الٰہی ہے جس کیلئے اقرار باللسان، تصدیق بالقلب اور اظہار باالاعمال لازمی ہیں اور جو ایمان کے اس عرفانی درجے پر فائز ہوجاتا ہے اسے فقیر اور معارف کہتے ہیں اور چونکہ حضورص کو کلی علم لدنی وعلمِ معرفت وعلمِ روحانیت عطا ہوا تھا اسی لئے بحیثیت مرشدِ کامل اور رازدارِ اسرار ورموز ونکاتِ وحدت، احدیت، واحدیت اور صمدیت حضورص مولا تھے اسی لئے بحکمِ الٰہی حجِ آخر سے واپسی پر مکہ اور مدینہ کے درمیانی مقام غدیرِ خم میں چلچلاتی دھوپ میں نمازِ ظہرین سے قبل سوا لاکھ حاجیوں اور صحابیوں کے سامنے حضورص نے صحابیوں سے کجاوں کا منبر بنوا کر مولائے کائنات حضرت علی بن ابوطالب ع کو بازوؤں پر بلند کر کے امامت کو طلوع اور رسالت کو بظاہر غروب کر کے فرمایا "من کنت مولاہ فھذٰا علی مولا" یعنی جس جس کا میں مولا اسکے اسکے یہ علی ع مولا ہیں یعنی رسالت کے بعد علی وصایت، مولائیت، امامت، خلافت، ولایت، وزارت اور جانشینی کے درجات پر فائز رہیں گے نیز دین کی تکمیل کے اعلان کے ساتھ فرمایا کہ "میں امت کیلئے دو گرانقدر ثقلین یعنی ہم رتبہ، ہم درجہ، ہم پلہ، ہم وزن چیزیں یعنی قرآن کتاب اللہ اور وارثان، معلمان ومحافظانِ قرآن اہلبیت عترت چھوڑے جارہا ہوں جو بھی ان سے مربوط رہے گا فلاح ونجات پا جائے گا اور جو کسی ایک کو چھوڑ دیگا گمراہ اور ہلاک ہوجائے گا۔ ایمان کے مختلف مدارج محض علمِ شریعت سے نہیں اخذ ہوتے لہذٰا اسکے عرفان کیلئے طریقت، حقیقت اور معرفت کی منازل طے کرنا ضروری ہیں کیونکہ شریعت علم الیقین، طریقت عین الیقین، حقیقت حق الیقین اور معرفت غیب الیقین ہے۔ ایمان کی پہلی منزل اسلام ہے زبانی کلمہ پڑھ کر اسلام میں داخل ہونا ہے جبکہ ایمان کا دوسرا درجہ مومن اور متقی بننا ہے جس کیلئے زبان کے ساتھ دل کو بھی کلمہ جاگزیں کرنا ہے اور قلبی ولسانی طور پر ایمان کی حاجت ہے۔ ایمان کا افضل ترین، اشرف ترین، اعلیٰ ترین اور عظیم ترین درجہ احسان یعنی عرفانِ الٰہی ہے جس کیلئے اقرار باللسان، تصدیق بالقلب اور اظہار باالاعمال لازمی ہیں اور جو ایمان کے اس عرفانی درجے پر فائز ہوجاتا ہے اسے فقیر اور معارف کہتے ہیں اور چونکہ حضورص کو کلی علم لدنی وعلمِ معرفت وعلمِ روحانیت عطا ہوا تھا اسی لئے بحیثیت مرشدِ کامل اور رازدارِ اسرار ورموز ونکاتِ وحدت، احدیت، واحدیت اور صمدیت حضورص مولا تھے اسی لئے بحکمِ الٰہی حجِ آخر سے واپسی پر مکہ اور مدینہ کے درمیانی مقام غدیرِ خم میں چلچلاتی دھوپ میں نمازِ ظہرین سے قبل سوا لاکھ حاجیوں اور صحابیوں کے سامنے حضورص نے صحابیوں سے کجاوں کا منبر بنوا کر مولائے کائنات حضرت علی بن ابوطالب ع کو بازوؤں پر بلند کر کے امامت کو طلوع اور رسالت کو بظاہر غروب کر کے فرمایا "من کنت مولاہ فھذٰا علی مولا" یعنی جس جس کا میں مولا اسکے اسکے یہ علی ع مولا ہیں یعنی رسالت کے بعد علی وصایت، مولائیت، امامت، خلافت، ولایت، وزارت اور جانشینی کے درجات پر فائز رہیں گے نیز دین کی تکمیل کے اعلان کے ساتھ فرمایا کہ "میں امت کیلئے دو گرانقدر ثقلین یعنی ہم رتبہ، ہم درجہ، ہم پلہ، ہم وزن چیزیں یعنی قرآن کتاب اللہ اور وارثان، معلمان ومحافظانِ قرآن اہلبیت عترت چھوڑے جارہا ہوں جو بھی ان سے مربوط رہے گا فلاح ونجات پا جائے گا اور جو کسی ایک کو چھوڑ دیگا گمراہ اور ہلاک ہوجائے گا۔

حضورص کے روحانی بیعت کے حامل اصحاب صفہ کی روحانی، باطنی اور عرفانی تعلیم وتربیت حضورص کے روحانی، باطنی و عرفانی خلیفہ امیر المعارفین مولائے کائنات حضرت علی بن ابوطالب ع نے کی اور مولا علی ع کے چار روحانی خلفاء یعنی سادات میں حضرات ائمہ حسن ع وحسین ع اور غیر سادات میں حضور کے غلام زید کے بیٹے کمیل اور کنیز کے بیٹے خواجہ حسن بصری میں سے حضرات حسین وحسن بصری سے روحانی سلاسل کے چودہ سلاسل یا خانوادے عالم وجود میں آئے جن سے لاکھوں ذیلی وضمنی شاخیں درخشاں ستاروں کی مانند موجود ہیں۔ پہلے امام مولا علی ع سے لیکر گیارہویں امام حضرت حسن عسکری ع تک نائبین اولیاء، عرفاء، صوفیاء وصالحین نے ہر دور میں تشنگانِ معرفت کی پیاس مرشدِ کامل کی حیثیت سے بجھائی اور حقیقی عرفاء وصوفیاء نے شریعت وطریقت وحقیقت ومعرفت کو اسلام کی روح کی سیرابی کیلئے لازمی قرار دیا اور بشری وجود میں چھ لطائف اور سات صفاتی انوار الٰہی کے دیدار کیلئے اذکار، اشغال ومراقبے کے ذریعے قلب وروح کو منور کر کے راہِ سلوک میں عمومی طور پر مسلکی وعقائدی بنیاد پر فنافی المرشد، فنافی المشائخین، فنافی الرسول، فنافی اللہ اور بقاباللہ کے فیوض وبرکات سے دیدار الٰہی کی سعادت عطا کی جبکہ 19 ویں صدی کے عظیم المرتبت صوفی اور نجیب الطرفین سادات کے پنجتنی نور نظر حضرت سید وارث علی شاہ الحسینی الموسوی نے اپنے بہنوئی حضرت سید خادم علی شاہ سے چشتی، قادری اور نقشبندی سلاسل کی خلافت پاکر پنجتنی بالخصوص امام موسیٰ کاظم ع کی اولاد ہونے کے باعث سلسلہ حسینیہ کی بنیاد رکھی جنہیں یہ اعزاز حاصل تھا کہ امام المعارفین مولائے کائنات نے ظاہری طور پر روبرو وارث پاک کو روحانی بیعت سے سرفراز کیا جبکہ انکے ظاہری مرشدِ کامل سید خادم علی شاہ تھے جنکا آستانہ گولہ گنج، لکھنؤ، اترپردیش میں اور وارث پاک کا آستانہ عالیہ قصبہ دیوئی شریف، ضلع بارہ بنکی، اترپردیش، انڈیا میں تمام مذاہب کے عاشقانِ معرفت کا ذیشان میکدہ بنا ہوا ہے۔ وارث پاک کی ظاہری رحلت 7 اپریل 1905 بمطابق یکم صفر کو ہوئی تھی جنہوں نے تجدیدی معرفت کو بروئے کار لاکر تبدیلی، مذہب کے بجائے غیر مذہبی انسانی بنیاد پر معرفت کو متعارف کرایا اور فقیر کے مروجہ فاقہ، قناعت، یادِ الٰہی اور ریاضت کے عنوان بدل کر فنائیت، قربانیِ نفس، یقین کے ساتھ یادِ الٰہی اور رضائے الٰہی کو عنوانِ جلی قرار دیکر حضرت فاطمہ زہرا اور حضرت امام حسین کو تسلیم ورضا کا پیکر اور ام الفقراء اور شہنشاہ الفقراء قرار دیا اور معرفت کو مذہب کے بجائے انسانیت سے مربوط کردیا۔ وارث پاک کے بحرِ معرفت میں تمام چودہ دریائے سلاسل ضم ہوکر سلسلہ حسینیہ قرار پائے مگر بعد میں مسلکی بنیاد پر وارثیوں نے خود کو حسینی کہلوانے کے بجائے وارثی کہلوانے کو ترجیح دی اور مرشد کی نسبت سے اپنا سلسلہ وارثیہ متعارف کرایا جبکہ وارث پاک کا فرمان تھا کہ بلا امتیاز مذہب وملت وفرقہ ومسلک ومشرب انکا ہر مرید پنجتنی ہے۔ وہ مودت ومحبت اہلبیت لازمی اور تعظیم صالح اصحاب سنت قرار دیکر فرماتے تھے کہ ہمارا مذہب ومشرب عشق ہے۔ ایک صورت کو پکڑ لو خدا مل جائے گا۔ انہوں نے تجدید راہ سلوک کا رخ مذہب کے بجائے انسانیت کی طرف موڑ دیا اور بیعت میں کلمہ پڑھوانے کے بجائے گناہوں سے توبہ کراتے تھے جس کی وجہ سے انکے کثیر تعداد میں مریدین، طالبین، عاشقین اور معتقدین غیر مسلم تھے۔ حضورص کے روحانی بیعت کے حامل اصحاب صفہ کی روحانی، باطنی اور عرفانی تعلیم وتربیت حضورص کے روحانی، باطنی وعرفانی خلیفہ امیر المعارفین مولائے کائنات حضرت علی بن ابوطالب ع نے کی اور مولا علی ع کے چار روحانی خلفاء یعنی سادات میں حضرات ائمہ حسن ع و حسین ع اور غیر سادات میں حضور کے غلام زید کے بیٹے کمیل اور کنیز کے بیٹے خواجہ حسن بصری میں سے حضرات حسین وحسن بصری سے روحانی سلاسل کے چودہ سلاسل یا خانوادے عالمِ وجود میں آئے جن سے لاکھوں ذیلی وضمنی شاخیں درخشاں ستاروں کی مانند موجود ہیں۔ پہلے امام مولا علی ع سے لیکر گیارہویں امام حضرت حسن عسکری ع تک نائبین اولیاء، عرفاء، صوفیاء وصالحین نے ہر دور میں تشنگانِ معرفت کی پیاس مرشدِ کامل کی حیثیت سے بجھائی اور حقیقی عرفاء وصوفیاء نے شریعت و طریقت وحقیقت ومعرفت کو اسلام کی روح کی سیرابی کیلئے لازمی قرار دیا اور بشری وجود میں چھ لطائف اور سات صفاتی انوار الٰہی کے دیدار کیلئے اذکار، اشغال ومراقبے کے ذریعے قلب وروح کو منور کر کے راہِ سلوک میں عمومی طور پر مسلکی وعقائدی بنیاد پر فنافی المرشد، فنافی المشائخین، فنافی الرسول، فنافی اللہ اور بقاباللہ کے فیوض وبرکات سے دیدار الٰہی کی سعادت عطا کی جبکہ 19 ویں صدی کے عظیم المرتبت صوفی اور نجیب الطرفین سادات کے پنجتنی نور نظر حضرت سید وارث علی شاہ الحسینی الموسوی نے اپنے بہنوئی حضرت سید خادم علی شاہ سے چشتی، قادری اور نقشبندی سلاسل کی خلافت پاکر پنجتنی بالخصوص امام موسیٰ کاظم ع کی اولاد ہونے کے باعث سلسلہ حسینیہ کی بنیاد رکھی جنہیں یہ اعزاز حاصل تھا کہ امام المعارفین مولائے کائنات نے ظاہری طور پر روبرو وارث پاک کو روحانی بیعت سے سرفراز کیا جبکہ انکے ظاہری مرشدِ کامل سید خادم علی شاہ تھے جنکا آستانہ گولہ گنج، لکھنؤ، اترپردیش میں اور وارث پاک کا آستانہ عالیہ قصبہ دیوئی شریف، ضلع بارہ بنکی، اترپردیش، انڈیا میں تمام مذاہب کے عاشقانِ معرفت کا ذیشان میکدہ بنا ہوا ہے۔ وارث پاک کی ظاہری رحلت 7 اپریل 1905 بمطابق یکم صفر کو ہوئی تھی جنہوں نے تجدیدی معرفت کو بروئے کار لاکر تبدیلی، مذہب کے بجائے غیر مذہبی انسانی بنیاد پر معرفت کو متعارف کرایا اور فقیر کے مروجہ فاقہ، قناعت، یادِ الٰہی اور ریاضت کے عنوان بدل کر فنائیت، قربانیِ نفس، یقین کے ساتھ یادِ الٰہی اور رضائے الٰہی کو عنوانِ جلی قرار دیکر حضرت فاطمہ زہرا اور حضرت امام حسین کو تسلیم ورضا کا پیکر اور ام الفقراء اور شہنشاہ الفقراء قرار دیا اور معرفت کو مذہب کے بجائے انسانیت سے مربوط کردیا۔ وارث پاک کے بحرِ معرفت میں تمام چودہ دریائے سلاسل ضم ہوکر سلسلہ حسینیہ قرار پائے مگر بعد میں مسلکی بنیاد پر وارثیوں نے خود کو حسینی کہلوانے کے بجائے وارثی کہلوانے کو ترجیح دی اور مرشد کی نسبت سے اپنا سلسلہ وارثیہ متعارف کرایا جبکہ وارث پاک کا فرمان تھا کہ بلا امتیاز مذہب وملت وفرقہ ومسلک ومشرب انکا ہر مرید پنجتنی ہے۔ وہ مودت ومحبت اہلبیت لازمی اور تعظیم صالح اصحاب سنت قرار دیکر فرماتے تھے کہ ہمارا مذہب ومشرب عشق ہے۔ ایک صورت کو پکڑ لو خدا مل جائے گا۔ انہوں نے تجدید راہ سلوک کا رخ مذہب کے بجائے انسانیت کی طرف موڑ دیا اور بیعت میں کلمہ پڑھوانے کے بجائے گناہوں سے توبہ کراتے تھے جس کی وجہ سے انکے کثیر تعداد میں مریدین، طالبین، عاشقین اور معتقدین غیر مسلم تھے۔

انہوں نے اپنے خاص مریدوں کو ذکر اسمِ ذات و پاس انفاس کے ذریعے سات لطائف کی تربیت کے ذریعے نو انوار صفاتی الٰہی کا دیدار کرایا اور پھر ذکرِ اسدی اور سلطان الاذکار کے ذریعے راہِ سلوک میں فنافی المرشد، فنافی المشائخین، فنافی المہدی، فنافی الحسین، فنافی العلی، فنافی الرسول، فنافی اللہ اور بقاباللہ کے مراتب، درجات، برکات، توفیقات اور مقامات سے سرفراز فرمایا اور حضور کی معروف حدیث کو معرفت سے مربوط کردیا کہ جو شخص اپنے زمانے کے امام کی معرفت کے بغیر مرگیا وہ حالتِ کفر اور جاہلیت میں مرا۔ اسی لئے روحانی بیعت دراصل امام مہدی ع سے ہوتی ہے۔ ظاہری بیعت تعلیم و تربیت اور راہ سلوک طے کرنے کیلئے ظاہری مرشد سے ہوتی ہے۔

پاکستان میں ایک صوفی ریاض گوہر شاہی نے راہِ سلوک میں لطائف کے مراحل طے کر کے فنافی المرشد کا درجہ پاکر نفسِ امارہ کا شکار ہوکر انانیت سے دوچار ہوکر ابلیس کے پھندے میں پھنس کر خود امام مہدی ہونے کا دعویٰ کردیا جبکہ اس سے پہلے تاریخ انسانیت میں بہت سے خودسر ابلیسیت کا شکار ہوکر مقام انا سے لاچار ہوکر خدا، نبوت اور امام مہدی ہونے کا دعویٰ کرچکے تھے جبکہ اسکے برعکس اکثر اولیاء/عرفاء/صوفیاء/صالحین راہ سلوک کے دوران فنائیت کا درجہ حاصل کر کے لمحاتی/عارضی/وقتی برکات، توفیقات ودرجات کے حصول کے باعث فیوضِ الٰہیہ سے سرفراز ہوئے مثلاً منصور نے مقامِ انا کے باعث فنافی اللہ کے درجے پر فائز ہوکر اناالحق کا نعرہ لگا کر راز فاش کیا تو اہلِ شریعت نے انہیں دار پہ چڑھوادیا، شمس تبریز کی کھال کھنچوادی، شیخ علی ھجویری داتا گنج بخش کے انا سبحان کہنے پر مریدوں کے ہاتھوں تہہ تیغ کروانے کی ناکام کوشش کی، عبدالقادر جیلانی کو جب مقام فنافی العلی حاصل ہوا تو انہوں نے نعرہ لگایا کہ قیامت تک تمام اولیاء کی گردن پہ انکے قدم ہونگے یعنی امیر المعارفین شاہِ ولایت مولا علی ع کے قدمِ مبارک ہونگے، خواجہ معین الدین چشتی اجمیری جب فنافی الحسین ع کے درجے پر فائز ہوئے تو انہوں نے شہرہ آفاق لازوال رباعی کہہ دی

شاہ است حسین ع بادشاہ است حسین ع<br>
دین است حسین ع دین پناہ است حسین ع<br>
سر داد نداد دست در دستِ یزید<br>
حقا کہ بنائے لا الہ است حسین ع

خواجہ اجمیری کی نگاہ میں اس مرحلے پر حسین ع دین اور دین پناہ تھے۔ سالک کو راہِ سلوک میں مرشد، مرشدان، امام عصر ع، حسین ع، علی ع، رسول ص اور اللہ میں جذبیت اور فنائیت کے مقامات عارضی طور پر فیوض وبرکات وتوفیقاتِ الٰہی سے بربنائے قربت ووصل حاصل ہوتے ہیں اولیاء اللہ وعشاق اللہ کی سعادت کیلئے جو مرشدِ کامل کی تعلیم وتربیت وفیض وبرکت ونظر کرم کا تحفہ ہیں اور یہی مقام انا وخودی کو ترک کر کے طالب الٰہی کو خود کو بندہ اور اللہ کو رب/خالق/معبود/مسجود/مطلوب/مقصود/مشہود/محبوب/معشوق یقین کر کے خدمتِ خلق میں مصروف رہنا پڑتا ہے اور ابلیس صراطِ مستقیم پر بیٹھ کر وسوسے ڈال کر سالک کے مقامِ انا کا امتحان لیتا ہے جو صالح بندے ہوتے ہیں وہ صراطِ مستقیم سے گزر جاتے ہیں کیونکہ ابلیس انکے سامنے حسب وعدہ سپر ڈال دیتا ہے جبکہ اسکے برعکس جو سالک خود کو مستقلاً ولی، امام، رسول اور خدا سمجھنے لگتے اور انا وخودی کا شکار ہوتے ہیں وہ دراصل ابلیس کا شکار ہوکر راندہ درگاہ ہوجاتے ہیں۔ اسی لئے مولا علی ع نے فرمایا تھا کہ میں اگر میں راز پر سے پردہ اٹھادوں تو ساری خلقت مجھے سجدہ کرنے لگے گی۔ خواجہ اجمیری نے کہا "من نمی گویم اناالحق، یار می گوید بگو۔" شرف الدین یحییٰ منیری نے کہا کہ

"جب تک اللہ کو دیکھتا نہیں سجدہ نہیں کرتا"۔۔ کسی نے مقام انا وخودی سے سرشار ہوکر نعرہ لگا دیا

"اپنی ہستی کے سوا غیر کا سجدہ ہے حرام"۔ کسی نے کہا "معشوق کی بارگاہ میں عاشق کا حجاب گناہ ہے" غرضکہ میرا ذاتی مشاہدہ، تجزیہ، تجربہ اور محاسبہ ہے کہ "جو ذرا سی پی کر بہک گیا اسے میکدے سے نکال دو"۔ اسی لئے تصوف کو ایسے ہی جعلی، فرضی، نمائشی، ڈھونگی، مکار، عیار، جعلساز، چالباز اور نفس پرست سالکوں، مرشدوں، صوفیوں، عارفوں اور صوفیوں نے راہِ سلوک وطریقت و معرفت کو رسوا اور بدنام کرادیا۔ پاکستان میں خودساختہ نام نہاد جعلی امام مہدی ریاض گوہر شاہی بھی اسی فہرست میں شامل ہے جس کا خلیفہ، ترجمان، وکیل اور نمائندہ یونس گوہر صوفی اسی گمراہی کا شکار ہے اگرچہ وہ بےپناہ عرفانی دولت سے مالا مال ہے اور گوہر شاہی سے فنافی المرشد ہے یعنی مرشد ہی اسکا خدا ہے اور اسی لئے امام مہدی سے روحانی غیبی بیعت کے باعث اپنے مرشد کو امام مہدی تصور کر کے راہِ سلوک میں فنائیت کے اعلیٰ مقامات کی سیر نہیں کرسکا اور لطیفہ انا وخودی سے مغلوب ہوکر معرفت وروحانیت وتصوف کے دامن کو داغدار کررہا ہے

اللہ وحضرات محمد ص وآل محمد ع وامام مہدی ع وحقیقی اولیاء و عرفاء وصوفیاء وصالحین کی معرفت، فیوض وبرکات، توفیقات، ترجیحات ونوازشات وقربت کے حصول کیلئے تصفیہ قلب، تزکیہ نفس وتطہیر روح لازمی ہے۔

